احتیاطی تدابیر برائے انسداد کورونا وائرس

جملہ اراکین عدالت اور عوام الناس کو مندرجہ ذیل احتیاطی تدابیر پر عمل کرنے کی ہدایت کی جاتی ہے تاکہ بروقت اپنے آپ اور اردگرد کے عزیز و اقارب کو اس عالمی وبا سے بچا سکیں۔

1. صفائی ستھرائی کا خصوصی خیال رکھیں بالخصوص اپنے ہاتھوں کو صابن سے دھویں۔
2. غیر ضروری مصافحہ/ہاتھ ملانے اور روایتی گلے ملنے سے پرہیز کریں۔
3. کھانے پینے کی اشیاء کی صفائی کو یقینی بنائیں۔
4. نزلہ، زکام اور کھانسی کی صورت میں چہرے پر ماسک پہنیں اور لوگوں سے فاصلے پر رہیں۔
5. کھانستے ہوئے اپنے منہ کو ٹشو پیپر یا ہاتھ سے ڈھانپ لیں۔
6. متاثرہ ممالک مثلا چین یا ایران سے آنے والے افراد سے ملنے سے پرہیز کریں اور اگر کسی عدالتی اہلکار کے گھرانے کا کوئی فرد ان متاثرہ ممالک سے سفر کر کے آیا ہو تو وہ فورا محکمے کے سربراہ کو آگاہ کریں۔
7. خاکروب/نائب قاصدوں کو ہدایت کیجاتی ہے کہ وہ عدالتی احاطے کی مکمل صفائی کو یقینی بنائیں نیز دروازوں کے ہینڈلز ، سیڑھیوں کے جنگلے/گرِل کی صفائی کو ممکن بنائیں۔ مزید یہ کہ جراثیم کش سپرے / فرش کو فینائیل سے دھویا کریں۔
8. کینٹین اور ہوٹلوں میں کھانے سے احتیاط برتیں اور کھانے پینے کے پلیٹ ، گلاس اور چمچ کی صفائی کا خیال رکھیں۔
9. عوام الناس کو مزید ہدایت کی جاتی ہے کہ بلا ضرورت عدالت آنے کی زحمت نہ کریں اور اگر کسی کے مقدمے میں شہادت نہ ہے تو اسے اپنے مقدمے کی پیروی کے لئے عدالت آنے کی ضرورت نہیں بلکہ صرف وکلاء صاحبان کی حاضری کافی ہے۔ عوام کو مزید آگاہ کیا جاتا ہے کہ ان کی غیر حاضری کی صورت میں ان کے مقدمات کو بعدم پیروی خارج نہیں کیا جائے گا۔

بحکمِ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن